الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ 20اپریل2022 اسلام آباد

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ووٹرز ایجوکیشن اور سٹوڈنٹس آگاہی کے سلسلے میں نومبر 2021 سے چاروں صوبوں کی مختلف یونیورسٹیوں، کالجوں اور سکولوں میں طالب علموں کے ساتھ ورکشاپس کا سلسلہ شروع کیا ہوا ہے۔ 5 ماہ میں مجموعی طور پر 264 سٹوڈنٹس ورکشاپ کامیابی سے کرائی گئی ہیں جس میں طالب علموں(مرد ،خواتین)کے علاوہ اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی ۔اب تک صوبہ خیبر پختونخوا میں 98 ،سندھ میں 68،بلوچستان 44 اور اسلام آباد میں 03 سٹوڈنٹس ورکشاپس منعقد ہوچکی ہیں ۔یہ سلسلہ مزید چلتا رہے گا ۔ اس کا مقصد نوجوانوں میں ووٹ اور انتخابی عمل میں شعور و بیداری پیدا کرنا ہے ۔کیونکہ موجودہ انتخابی فہرستوں میں نوجوانوں کی تعداد کروڑوں میں ہے اور یہ ضروری ہے کہ ان میں ووٹ کی اہمیت اور اپنے اس قومی فرض کو نبھانے کے لئے نہ صرف شعور پیدا کیا جائے بلکہ ان کے ذریعے عوام کو تمام اضلاع میں انتخابات سے متعلق آگاہی دی جائے تاکہ ووٹر ٹرن آوٹ (Turnout) بڑھایا جا سکےاوربالخصوص نوجوان طبقہ، خواتین،خواجہ سرا ،افراد باہمی معذوری ،اقلیتی برادری اور دوسرے محروم طبقات کی آئندہ انتخابات میں شمولیت کو یقینی بنایا جا سکے ۔ طالب علم رضاکارانہ پر یہ ڈیوٹی سرانجام دیں گے اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اس رضاکارانہ قومی خدمت پر طالب علموں کو تعریفی اسناد دی جائیں گی ۔ووٹر آگاہی کے لئے پرنٹ شدہ مواد بھی انکو الیکشن کمیشن مہیا کر رہا ہے جو یہ اپنے علاقوں میں تقسیم کریں گے ۔طالب علموں نے الیکشن کمیشن کی اس مہم میں بھرپور دلچسپی ظاہر کی ہے اور مختلف یونیورسٹیوں، کالجوں اور سکولوں کی طرف سے مزید سٹوڈنٹس ورکشاپس کے انعقاد کے لئے الیکشن کمیشن کو درخواست کی جارہی ہے ۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان کا قائداعظم انٹرنیشنل یونیورسٹی اسلام آباد میں ووٹر آگاہی مہم کے لئے سٹوڈنٹس ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا